8975-امام کے لیے اذان اور اقامت کہنا اور نماز پڑھانا جائز ہے

سوال

کیا امام کے لیے جائز ہے کہ وہ خود ہی اذان کہے اور اقامت کہنے کے بعد نماز بھی خود ہی پڑھائے ، یا کہ کسی اور شخص کے لیے اذان اور اقامت کہنا ضروری ہے ، اور امام جماعت کروائے ؟

پسندیدہ جواب

جی ہاں اس میں کوئی حرج نہیں.

امام کے لیے ایک ہی وقت میں اذان دینا، اور اقامت بھی کہنا اور خود ہی جماعت کروانا جائز ہے ، کیونکہ یہ سب اعمال اطاعت اور اللہ تعالی کا قرب حاصل کرنے کے لیے ہیں، اس میں کچھ مانع نہیں.

بلکہ یہ اعمال تو عظیم اطاعت اور سب سے بڑے قرب والے ہیں.